سوانح امام اعظم ابو حنیفہ
حضرت امام اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابت
کے مبارک احوال
مصنف
حضرت شاہ ابو الحسن زید فاروقی مجددی
(فاضل جامعہ ازہر)
الفاروق بک فاؤنڈیشن۔ لاہور

سوانح امامِ اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ

امام الائمہ حضرت امامِ اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ
کے مُبارک احوال

مصنّف
حضرت شاہ ابوالحسن زید فاروقی مجدّدی رحمۃُ اللہ علیہ
(فاضلِ جامعہ ازہر)

الفاروق بُک فاؤنڈیشن۔ لاہور

نام کتاب	سوانح امامِ اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
	حضرت امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رضی اللہ عنہ
مصنف	حضرت مولانا شاہ ابوالحسن زید فاروقی رحمۃ اللہ علیہ
	فاضل جامعہ الازہر
ناشر	الفاروق بک فاؤنڈیشن، لاہور۔
اشاعت	نومبر 1999ء
طابع	تخلیق مرکز پرنٹرز، لاہور۔
قیمت	-/200 روپے

اسٹاکسٹ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔ فون: 7221953

غلام کو نہیں کہتے ہیں بلکہ ولاء اسلام، ولاء حلف اور ولاء لزوم کو بھی ولاء کہتے ہیں اور ان تعلقات والوں کو موالی کہا جاتا ہے۔ امام بخاری کو ولاء اسلام کی وجہ سے جعفی، امام مالک کو ولاء حلف کی وجہ سے تیمی اور مقسم کو حضرت عبداللہ بن عباس کے پاس زیادہ رہنے کی وجہ سے مولی ابنِ عباس کہتے ہیں۔

بشارت سراپا کرامت

علامہ حافظ جلال الدین سیوطی شافعی نے لکھا ہے۔ [1]
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت کا بیان۔ ائمہ نے ذکر کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام مالک کی بشارت اس حدیث شریف سے دی ہے۔ يُوشِكُ اَنْ يَضْرِبَ النَّاسُ اَكْبَادَ الْاِبِلِ يَطْلُبُوْنَ الْعِلْمَ فَلَا يَجِدُوْنَ اَحَدًا اَعْلَمَ مِنْ عَالِمِ الْمَدِيْنَةِ ۔ قریب ہے علم کی تلاش میں لوگ اونٹوں پر سفر کریں گے اور ان کو مدینہ کے عالم سے زیادہ علم والا کہیں نہ ملے گا۔

اور حضرت امام شافعی کی بشارت اس حدیث شریف سے دی ہے۔ لَا تَسُبُّوْا قُرَيْشًا فَاِنَّ عَالِمَهَا يَمْلَأُ الْاَرْضَ عِلْمًا۔ قریش کو برا نہ کہو کیونکہ ان کا عالم زمین کو علم سے بھر دیگا۔

میں کہتا ہوں۔ یقیناً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث شریف میں ابوحنیفہ کی بشارت دی ہے جس کی روایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کی ہے اور ابونعیم نے اس کو حلیۃ الاولیاء میں لکھا ہے۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لَوْ كَانَ الْعِلْمُ بِالثُّرَيَّا لَتَنَاوَلَهُ رِجَالٌ مِّنْ اَبْنَاءِ فَارِسَ ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر علم ثریا کے پاس ہو البتہ ابنائے فارس کے افراد اس کو حاصل کریں گے۔

اور شیرازی نے القاب میں قیس بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا ہے کہ اگر علم ثریا سے لٹکا ہوا ہو البتہ اس کو ابنائے فارس سے کچھ لوگ حاصل کرلیں گے۔

ابوہریرہ کی حدیث کی اصل صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ان الفاظ سے ہے۔ لَوْ كَانَ الْاِيْمَانُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَتَنَاوَلَهُ رِجَالٌ مِّنْ فَارِسَ ۔ اگر ایمان ثریا کے پاس ہو البتہ فارس کے لوگ اس کو حاصل کریں گے۔

اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ لَوْ كَانَ الْاِيْمَانُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَذَهَبَ بِهٖ رَجُلٌ مِّنْ اَبْنَاءِ فَارِسَ حَتّٰى يَتَنَاوَلَهُ ۔ اگر ایمان ثریا کے پاس ہو ابنائے فارس میں سے

---

[1] مطالعہ فرمائیں رسالہ تبییض الصحیفۃ فی مناقب الامام ابی حنیفہ ص ۳ ، ۴

ایک شخص اس حد تک پہنچ جائے گا اور اس کو حاصل کرے گا۔

اور قیس بن سعد کی حدیث طبرانی کی معجم کبیر میں ان الفاظ سے ہے۔ لَوْکَانَ الْاِیْمَانُ مُعَلَّقًا بِالثُّرَیَّا لَا تَنَالُہُ الْعَرَبُ لَنَالَہُ رِجَالُ فَارِسَ۔ اگر ایمان ثریا کے پاس لٹکا ہو کہ عرب اس کو نہ پا سکیں، البتہ فارس کے لوگ اس کو پالیں گے۔

اور معجم طبرانی میں ہی ابن مسعود سے روایت ہے۔ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لَوْکَانَ الدِّیْنُ مُعَلَّقًا بِالثُّرَیَّا لَتَنَاوَلَہُ نَاسٌ مِنْ اَبْنَاءِ فَارِسَ۔ ابنِ مسعود نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر دین ثریا سے لٹکا ہوتا البتہ بعض ابنائے فارس اس کو حاصل کر لیتے۔

یہ ایک صحیح اصل ہے جس سے امام ابو حنیفہ کی بشارت اور آپ کی فضیلت کا اظہار ہو رہا ہے جیسا کہ ان دو حدیثوں سے امام مالک اور امام شافعی کی بشارت اور فضیلت ثابت ہو رہی ہے۔

یہ صحیح اصل بے نیاز کر دیتی ہے موضوعی خبر سے۔ (سیوطی کا کلام تمام ہوا)

یہ عاجز کہتا ہے علامہ سیوطی نے "خبر موضوعی" کا ذکر کر کے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ حضرت امام کے تذکرہ نگاروں نے جو روایتیں لکھی ہیں، جیسے "عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یَکُوْنُ فِیْ اُمَّتِیْ رَجُلٌ یُقَالُ لَہُ اَبُوْ حَنِیْفَۃَ ھُوَ سِرَاجُ اُمَّتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔ یعنی میری امت میں ایک شخص ہوگا جس کو ابو حنیفہ کہا جائے گا وہ قیامت میں میری امت کا چراغ ہوگا" ایسی موضوعی روایات کو ذکر کرنے کی کیا ضرورت ہے جب ایسی مستند اصل موجود ہے۔

حضرت امام کی کنیت

آپ کے تذکرہ نگاروں کا اتفاق ہے کہ آپ کی کنیت ابو حنیفہ تھی حنیفہ تانیث ہے حنیف کا یعنی عبادت کرنے والا اور دین کی طرف راغب ہونے والا۔ تذکرہ نگاروں میں سے زیادہ تر اس طرف گئے ہیں کہ آپ کے صرف ایک بیٹے تھے جن کا نام آپ نے حماد رکھا تھا۔ ان کے علاوہ کوئی اولاد نہیں ہوئی ہے۔ ان افراد نے آپ کی کنیت ابو حنیفہ کی چند توجیہات کی ہیں۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے لکھا ہے[1] "کوفہ کی مسجد میں وقف کی چار سو دواتیں طلبہ کے لئے

---

[1] امام ابو حنیفہ کی تدوین قانونِ اسلامی۔